Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

سکاٹ لینڈ میں بچوں کیلئےچائلد ڈس ایبلٹی پیمنٹ ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس کی جگہ لے رہی ہے۔

کیا ہورہا ہے؟

سکاٹ لینڈ میں چائلد ڈس ابلٹی پیمنٹ، ڈس ابلٹی لونگ الاؤنس فار چلڈرن کی جگہ لے رہی ہے. کلائنٹس ادائیگیاں سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے وصول کریں گے اور اب وہ مزید ڈیپارٹمینٹ فار ورکس اینڈ پنشنز کے ساتھ نہیں رہیں گے۔

کلائنٹس جو کہ اس وقت ڈس ابلٹی لونگ الاؤنس فار چلڈرن وصول کرہے ہیں انہیں چائلڈ ڈس ابلٹی پیمنٹ کے لیے درخواست دینے کی ضرورت نہیں اور ان کا دوبارہ جائزہ نہیں لیا جائے گا۔ ان کے بینیفٹ کی ادائیگی خودبخود منتقل ہو جائے گی.

کیا لوگوں کے پاس کوئی انتخاب ہوگا؟

لوگ اپنے ایوارڈ کے ڈیپارٹمینٹ فار ورکس اینڈ پنشنز کے ساتھ رہنے کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ کچھ بینفٹس، جیسے کہ یہ، سکاٹش ڈیوولوشن (اختیارات کی منتقلی) کے ایک جزو کے طور پر سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کو منتقل ہو رہے ہیں۔

کیا اس سے پیمنٹس پر اثر پڑے گا؟

اس سے لوگوں کو ملنے والی رقم پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لوگوں کو اسی اکاؤنٹ میں اتنی ہی رقم میں ملے گی جس طرح انہیں اب ادائیگیاں موصول ہو رہی ہیں۔ ادائیگی کی تاریخ بدھ کو ہوگی۔

منتقلی کے لئے کونسا وقت مقرر کیا گیا ہے؟

ہمارا مقصد ہے کہ سکاٹش ڈس ابلٹی لونگ الاؤنس فار چلڈرن کے تمام ایوارڈز کو موسم بہار 2023 تک منتقل کر دیا جائے اور کچھ باقی کیسز اس کے بعد جلد ہی منتقل ہو جائیں۔

وہ کیسے جانیں گے کہ اس تبدیلی کی توقع کریں؟

ہم پہلے سے لوگوں کو یہ بتانے کے لیے خط لکھیں گے کہ کب اس تبدیلی کی توقع کریں۔

کسی کے ایوارڈ کی منتقلی میں تقریباً تین ماہ لگیں گے۔

منتقلی کی تکمیل کے بعد ہم لوگوں کو خط لکھیں گے۔ یہ لوگوں کو آگاہ کرے گا کہ ان کا چائلڈ ڈس ابلٹی پیمنٹ ایوارڈ کب شروع ہوتا ہے اور سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے اپنی ادائیگیاں وصول کرنے کی کب توقع کریں۔

اگر اس وقت میں لوگوں کے حالات بدل جائیں تو کیا ہوگا؟

اگر لوگوں کو چائلڈ ڈس ابلٹی پیمنٹ کے ایوارڈ کی تصدیق ملنے سے قبل کسی قسم کی تبدیلی آتی ہے، تو انہیں 4600 121 0800 پر کال کرکے لازمی طور پر جلد از جلد ڈیپارٹمینٹ فار ورکس اینڈ پنشنز سے رابطہ کرنا چاہیے۔

موٹیبلٹی کی لیزز کے بارے میں کیا کرنا ہے؟

منتقلی کی تکمیل پر ہم موٹیبلٹی کو ادائیگی کرنے کے ذمہ دار بن جائیں گے۔ موٹیبلٹی کو پتہ ہے کہ ہم ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز سے ادائیگیاں سنبھال لیں گے۔ اگر موبلٹی کمپوننٹ یعنی نقل و حرکت کے جز کا صرف کچھ حصہ لیز کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، تو بچے کو باقی بینفٹ کی ادائیگی جاری رہے گی۔

اگر بچے کو ٹرمینل بیماری (ایسی بیماری جو لاعلاج ہو اور موت کا باعث بنتی ہو) لاحق ہو تو کیا ہوگا؟

جو کلائنٹ ٹرمینل بیماری میں مبتلا ہیں انہیں منتقلی کے لیے ترجیح دی جائے گی۔ ٹرمینل بیماری میں مبتلا کلائنٹس جو چائلڈ ڈس ابلٹی پیمنٹ وصول کرتے ہیں وہ خود بخود کیئر کمپوننٹ (دیکھ بھال کے جز) کی اعلیٰ ترین شرح اور بلند شرح کے موبلٹی کمپوننٹ (نقل و حرکت کے جز) کے حقدار ہیں۔

متعلقہ بینفٹس کا کیا ہو گا؟

متعلقہ بینفٹس اور خدمات کی اہلیت منتقلی سے متاثر نہیں ہو گی ۔ مزید معلومات کے لیے mygov.scot/child-disability-payment/related-benefits ملاحظہ کریں۔

اگر کلائنٹس اپنی DWP کی تجدید کے قریب ہیں تو کیا ہوگا؟

جو لوگ اپنے ایوارڈز منتقل کرنا چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ DWP کی طرف سے کسی بھی ہدایات پر عمل کرتے رہیں تاکہ وہ اپنے ڈس ابلٹی لونگ الاؤنس فار چلڈرن کے ایوارڈ کو اس وقت تک برقرار رکھیں جب تک کہ ان کی منتقلی کا عمل مکمل نہ ہو جائے اور ان کا چائلڈ ڈس ابلٹی پیمنٹ ایوارڈ شروع نہ ہو جائے۔ اس میں رینیول یعنی تجدید کے فارمز کو مکمل کرنا اور ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز کو کسی بھی متعلقہ تبدیلی کی اطلاع دینا شامل ہے۔

لوگ اگر چاہیں تو بچوں کے لیے اپنا ڈس ابلٹی لونگ الاؤنس ختم کر سکتے ہیں اور چائلڈ ڈس ابلٹی کی ادائیگی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، لیکن انہیں چائلڈ ڈس ابلٹی کی ادائیگی کے لیے درخواست دینے کے بعد اتنی ہی رقم ملنے کی ضمانت نہیں دی جائے گی اور یہ ان کی ادائیگیوں میں وقفے کا باعث بھی بن سکتا ہے۔

آپ mygov.scot/benefit-transfer پر جا کر منتقلی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں یا آپ ہمیں 2222 182 0800 پر مفت کال کر سکتے ہیں.

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 2222 182 0800

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کیلئے جنہیں سماعت کا مسلہ ہو) 4000 244 0300+ 18001

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot

case transfer Factsheet/March 2023